پیغام



سیّد قائم علی شاہ

وزیراعلیٰ سندھ

بلدیہ عظمیٰ کراچی کی جانب سے رائزنگ کراچی پروگرام کا آغاز ایک خوش آئند بات ہے۔ مجھے یہ جان کر انتہائی مسرت ہوئی کہ اس موبائل فون ایپلیکیشن کے ذریعے کراچی کے شہری، شہر سے متعلق مکمل معلومات اور واقفیت مفت حاصل کرسکیں گے۔ کراچی پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہونے کے ساتھ ساتھ معاشی بینکنگ انڈسٹری سے متعلقہ سرگرمیوں کے لئے بھی مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ کراچی کے شہری بھی دنیا کے دیگر جدید شہروں میں بسنے والے شہریوں کی طرح دستیاب سہولتوں اور جدید معلومات تک رسائی حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

رائزنگ کراچی پروگرام ایک ایسا اہم قدم ہے جس کے ذریعے عوام الناس کو اپنے شہر میں موجود شہری سہولیات و خدمات کے بارے میں معلومات حاصل کرنے اور ان سے فائدہ اٹھانے کے بہترین موقع پیش کرتا ہے۔

رائزنگ کراچی پروگرام کے خاکے میں دنیا کے لوگوں کے دو بنیادی حقوق شامل ہیں یعنی ان کو معلومات اور علمیت تک رسائی حاصل ہو۔ اس زمرے میں رائزنگ کراچی اپنی انفرادیت کے باعث لائق تحسین ہیں اور پاکستان کے دیگر شہروں میں بھی شروع کیا جاسکتا ہے۔

وہ تمام حضرات جو ایسے آئیڈیا کے ارتقاء اور اس پروگرام کی ترویج سے منسلک ہیں وہ بلاشبہ لائق ستائش ہیں۔ رائزنگ کراچی کے دائرہ اثر میں صحت، تعلیم، ٹریفک مینجمنٹ، ترقیاتی پروجیکٹس، ایمرجنسیز، تعلیمی سہولیات، فیومیگیشن، ٹرانسپورٹیشن، سیاحت، بینکس اور اے ٹی ایمز کی لوکیشن شامل ہیں گویا جو بھی سہولیات ہیں اس کی مکمل معلومات متعلقہ icon کے تحت دستیاب ہے۔ اس کے علاوہ کراچی میں منعقد ہونے والی مختلف سماجی و ترقیاتی تقاریب کی بابت بھی معلومات دستیاب ہیں۔ موبائل فون کے استعمال کنندگان کو یہ تمام معلومات بذریعہ ایس ایم ایس فراہم کی جائے گی۔

اس موقع پر میں کراچی کے شہریوں اور بلدیہ عظمیٰ کراچی کی ٹیم کو جنہوں نے اپنی بھرپور محنت کے ذریعے رائزنگ کراچی پروگرام کو کامیاب بنایا مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ خصوصی طور پر کراچی کے شہری اور عمومی طور پر پاکستان کے شہری اس سہولت سے بھرپور فائدہ اٹھائینگے۔

(سید قائم علی شاہ)

وزیراعلیٰ سندھ

RISING KARACHI